زیرِ نظر مقالہ کو تین ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا باب ''اردو کالم نگاری کی روایت'' ہے۔اس باب میں ادب وصحافت کے تعلق، کالم اوراس کی اقسام، کالم نگاری کی تاریخ اور اردو کی ادبی کالم نگار خواتین پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ دوسرا باب ''صغرا صدف: سوانحی خاکہ، کالم نگاری اور اسلوبیاتی مطالعہ'' پر مبنی ہے۔اس باب میں صغرا صدف کی سوانح،شخصیت، کالم نگاری کے موضوعات اور خصوصیات کے ساتھ ساتھ ان کے اسلوب کی خوبیاں اور خامیاں بھی واضح کی گئی ہیں۔

تیسرا باب ''آمنہ مفتی: سوانحی خاکہ، کالم نگاری اور اسلوبیاتی مطالعہ'' پر مشتمل ہے۔اس باب میں آمنہ مفتی کا سوانحی خاکہ پیش کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے کالموں پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے اس کے علاوہ آمنہ مفتی کے کالموں کی

اسلوبیاتی خصوصیات کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔